سوال

(110)دادی کا دودھ پینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اور مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے متعلق کہ ایک شخص بنام عاشق حسین نے اپنی دادی کا اس وقت دودھ پیا کہ جب وہ دودھ اس کی غذا تھی اور اس دودھ کی مقدار بہت زیادہ ہے ،یعنی عشر رضعات سے بھی زیادہ ہے اور وہ دودھ اس کی دادی کو غیر فطری طور پر ہوا تھا۔اب سوال یہ ہے کہ عاشق حسین اپنے چاچے محمد علی کی کسی بچی سے شریعت اسلامی کے مطابق نکاح کر سکتا ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

صورت مسئولہ میں عاشق حسین اپنے چچا محمد علی کا رضاعی بھائی ہوا اور محمد علی کی سب بیٹیاں اس کی رضاعی بھتیجیاں ہوئیں اس لیے یہ رشتہ عاشق حسین کے لیے اسی طرح حرام ہے جس طرح نسبی رشتے اس لیے یہ نکاح شرعا درست نہیں۔

(1):......اللہ تعالی کا ارشاد ہے :

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُم مِّنَ الرَّضَاعَةِ (النساء:٢٣)

''یعنی اللہ تعالی نے تمھارے اوپر تمھاری ......اور رضاعی بہنیں حرام قرار دیا ہے۔''

(2):......رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

((الرضاعة تحرم ما تحرم الولادة))(صحیح بخاری'مسلم)

''کہ نسب سے جو رشتے حرام ہوتے ہیں وہ رضاعت سے بھی حرام ہو جاتے ہیں۔''

اس معنی میں مندرجہ ذیل روایات بھی وارد ہوئی ہیں۔

(3):......رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

((إن الله حرم من الرضاع ما حرم من النسب))(رواه احمد ٗوالترمذی وصحہ)

(4) :......رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا :

[((قالت إن عمها من الرضاعۃ إستاذن علیها محببتۃ فأخبرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال لها لا تحجبی منہ فإنہ یحرم من الرضاعۃ م یحرم من النسب))(صحیح مسلم کتاب النکاح)

اس آیت اور احادیث سے ثابت ہوا ایسی صورت میں ایسا نکاح باطل ہے ، اس لیے یہ رشتہ ختم کیا جائے اور یہی شریعت کا حکم ہے ۔

نوٹ :......شریعت میں رضاعت کے ثبوت کےلیے دودھ کا قدرتی اور غیر قدرتی طور پر پیدا ہونا وغیرہ کوئی قید مذکور نہیں ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ راشدیہ

صفحہ نمبر 451

محدث فتویٰ